Zainab Tariq
Batch - 392
National Officer Academy
(Islamic Studies)

# دین کا لغوی اور اصطلاحی مفہوم :-

1- دین کا لغوی معنی
2- دین کا اصطلاحی مفہوم
3- الدین کی وضاحت

# مذہب :-

1 مذہب کا ارتقا
2 مذہب کی تعریف
3 مذہب کے لغوی معانی

مذہب کی اقسام :-
الہامی مذاہب
غیر الہامی مذاہب

# دین اور مذہب میں فرق :-

دین :- دین ایک مکمل ضابطہ حیات ہے جو زندگی کے ہر شعبے (معاشرت، سیاست معیشت اخلاق عبادات) کو منظم کرتا ہے۔

مذہب :- مذہب عموماً صرف عقائد اور رسومات تک محدود ہوتا ہے۔ بنیادی نظام زندگی سے اس کا گہرا تعلق نہیں۔

بیشک اللہ کے نزدیک دین صرف اسلام ہے (سورۃ آل عمران ۔19)

# انسانی زندگی میں دین کی اہمیت:۔

1:۔ طریق زندگی کے اعتبار سے دین کی اہمیت

(الاسرا 9:)

بے شک یہ قرآن وہ راہ بتاتا ہے جو سب سے سیدھی ہے اور ایمان والوں کو جو نیک کام کرتے ہیں اس بات کو خوشخبری دیتا ہے ان کے لیے بڑا ثواب ہے۔

2:۔ مکمل نظام عمل کے اعتبار سے دین کی اہمیت۔

(الشوریٰ 13) اس نے تمہارے لیے دین کا وہی طریقہ مقرر کیا جس کا حکم اس نے نوح کو دیا تھا اور جسے (اے محمدؐ) اب تمہاری طرف ہم نے وحی کے ذریعے سے بھیجی ہے

3:۔ دین انسان کو اندھیرے سے روشنی کی طرف لاتا ہے۔

(ابراہیم 1:)

یہ ایک کتاب ہے جو ہم نے تمہاری طرف نازل کیا ہے تاکہ لوگوں کو اندھیروں سے روشنی کی طرف نکالے

4:۔ دین عقل و علم کا ذریعہ ہے۔

یٰس (1-2)

یٰس۔ حکمت والی قرآن کی قسم ہے:

5:۔ دین اچھائی اور برائی کے اصول مرتب کرتا ہے

(البقرہ۔ 185)

رمضان کا وہ مہینہ ہے جس میں قرآن اتارا گیا جو لوگوں کے واسطے
ہدایت ہے اور ہدایت کی روشن دلیلیں اور حق و باطل میں فرق
کرنے والا ہے۔

6:- دین جدید دور کے انسانوں کا روحانی مسائل کا علاج فراہم کرتا ہے۔

(الاسراء 82)

اور ہم قرآن میں ایسی چیزیں نازل کرتے ہیں۔ کہ وہ ایمان والوں
کے حق میں شفا اور رحمت ہیں اور ظالموں کو اس سے اور زیادہ
نقصان پہنچتا ہے۔

7:- دینی تعلیمات برائی کے خلاف محافظ ہیں۔

(الزمر 28)

(1) عربی زبان کا بے عیب قرآن ہے تاکہ یہ لوگ
ڈریں

دین میں کوئی جبر نہیں دین میں (2:256)
کوئی جبر نہ ہو۔

8:- دین انصاف کے قیام کے لیے قوانین مہیا کرتا ہے۔

(الشوریٰ 17)

اللہ ہی ہے جس نے سچی کتاب اور ترازو نازل کی۔

9:- امن عالم کا قیام بذریعہ دین۔

(البقرہ 205)

اور اللہ تعالیٰ فساد کو پسند نہیں کرتا۔

(سورۃ المائدہ 3) آج میں نے تمہارے لیے تمہارا دین مکمل کر دیا
اور تم پر اپنی نعمت پوری کر دی اور تمہارے لیے اسلام کو دین کے طور
پر ہمیشہ کے لیے پسند کر دیا

10:- انسانی ذرائع علم کا جائزہ:-

حواس
عقل
تاریخ

11:- اخلاقی رہنمائی:-

12:- دین کی اہمیت کے حوالے سے قرآنی دلائل:

(آل عمران 83)

کیا یہ لوگ اللہ کے دین کے سوا کوئی اور دین چاہتے ہیں
حالانکہ وہ سب چیزیں جو آسمانوں میں ہیں اور زمین میں ہیں چار و ناچار
اسی کے آگے جھکی ہوئی ہیں اس کی طرف انہیں پلٹ کر جانا ہے

(الاعراف 54)

حقیقت میں تمہارا رب (مالک و فرمانروا) تو اللہ ہی ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو چھ دنوں میں پیدا کیا پھر تخت سلطنت پر جلوہ گر ہوا جو دن کو رات کا لباس اڑھاتا ہے۔ پھر رات کے تعاقب میں دن تیزی کے ساتھ دوڑتا آتا ہے سورج اور چاند تارے سب کے سب ہیں تابع فرمان ہیں:

(آل عمران 5)

درحقیقت اللہ سے نہ زمین میں کوئی چیز چھپی ہوئی ہے اور نہ آسمان کی۔

(البقرہ 255)

جو کچھ لوگوں کے سامنے ہے اُسے بھی وہ جانتا ہے اور جو کچھ ان سے اوجھل ہے وہ بھی اس کے علم میں ہے اور لوگ اس کی معلومات میں سے کسی چیز پر حاوی نہیں ہو سکتے سوائے ان چیزوں کے جن کا علم وہ خود ان کو دینا چاہے

(الانعام 71)

اے پیغمبر کہو کہ اصلی ہدایت صرف اللہ کی ہدایت ہے۔

(الطلاق 1)

جو اللہ کی مقرر کردہ حدوں سے تجاوز کرے اس نے اپنے اوپر آپ ظلم کیا۔

(المائدہ 45)

جو اللہ کی نازل کردہ ہدایت کے مطابق فیصلہ نہیں کرتے وہی ظالم ہیں

## سائنس دور میں مذہب (دین) کی ضرورت:

### اخلاقی رہنمائی:

سائنس مادی ترقی دیتی ہے مگر اخلاقی اصول فراہم نہیں کر سکتی۔ مذہب انسان کو انصاف، عدل، مساوات اور رحم جیسے اخلاقی اقدار دیتا ہے

### انسانی روحانی ضرورت:

سائنس ترقی نے زندگی کو آسان بنایا لیکن ذہنی دباؤ بے سکونی اور جرائم میں اضافہ کیا۔ مذہب روحانی سکون فراہم کرتا ہے

یقیناً اللہ کے ذکر ہی سے دلوں کو اطمینان حاصل ہوتا ہے
(سورۃ الرعد: 28)

### زندگی کا مقصد واضح کرنا:

سائنس کائنات کی وضاحت کرتی ہے مگر زندگی کا مقصد نہیں بتاتی قرآن کہتا ہے

میں نے جن و انسان کو صرف اپنی عبادت کے لیے پیدا کیا (سورۃ الذاریات - 56)

### عدل و انصاف کا قیام:

سائنس طاقت دیتی ہے لیکن اس کے غلط استعمال کو روکنے کے لیے الٰہی اصول ضروری ہیں۔

ہم نے اپنے رسولوں کو واضح دلائل کے ساتھ بھیجا اور ان کے ساتھ کتاب اور میزان نازل کی تاکہ لوگ انصاف پر قائم ہوں
(سورۃ الحدید - 25)

دین ایک جامع نظامِ حیات ہے جبکہ مذہبیت صرف عقائد اور رسومات تک محدود ہوتا ہے

سائنس نے بنیادی سہولتیں دی ہیں مگر انسانی روحانی اخلاقی اور مقصدی ضرورتوں کو پورا کرنے کے لیے مذہب (اسلام) ناگزیر ہے

قرآن انسانیت کو مادی ترقی کے ساتھ ساتھ عدل، سکون اور مقصد حیات فراہم کرتا ہے۔